

# سزا


Adelheid Marie Bwire
Melany Pietersen
Samrina Sana
Urdu
Level 2



ایک دن امی بہت سے پھل لائیں۔



ہم کچھ پھل کب کھا سکتے ہیں؟ ہم نے پوچھا۔ ہم آج رات کو پھل کھائیں گے۔ امی نے کہا۔



میرا بھائی رحیم لالچی ہے۔ وہ سب پھل چکھتا ہے۔ وہ بہت پھل کھاتا ہے۔



دیکھو رحیم نے کیا کیا؟ میرا چھوٹا بھائی چلایا۔ رحیم بہت شرارتی اور خود غرض ہے، میں نے کہا۔



امی رحیم سے ناراض ہیں۔



ہم بھی رحیم سے ناراض ہیں لیکن رحیم تھوڑا سا بھی شرمندہ نہیں ہے۔



کیا تم رحیم کو سزا نہیں دے رہے؟ چھوٹے بھائی نے پوچھا۔



ماں نے خبردار کیا ’رحیم، جلد ہی آپ سے معافی مانگے گا۔‘



رحیم بیمار محسوس کرنے لگتا ہے۔



میرے پیٹ میں درد ہے، رحیم چلایا۔



امی جانتی تھیں کہ یہ ہو گا۔ پھل رحیم کو سزا دے رہے ہیں۔



بعد میں رحیم نے معافی مانگی۔ میں کبھی دوبارہ لالچ نہیں کروں گا
اُس نے وعدہ کیا۔ اور ہم سب نے اُس پر بھروسہ کر لیا۔

# Storybooks Canada

storybookscanada.ca

سزا

Written by: Adelheid Marie Bwire
Illustrated by: Melany Pietersen
Translated by: Samrina Sana

This story originates from the African Storybook (africanstorybook.org) and is brought to you by Storybooks Canada (storybookscanada.ca) in an effort to provide children's stories in Canada's many languages.

This work is licensed under a Creative Commons Attribution 3.0 International License.